سوال

(77) نماز کے دوران قراءت اور تکبیروں کا شک ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری مشکل یہ ہے کہ جب مسجد میں داخل ہوتا ہوں، قبلہ رخ ہوتا ہوں اور تکبیر تحریمہ کہتا ہوں تو مجھے شک پڑنے لگتا ہے کہ آیا میں نے تکبیر تحریمہ کہی ہے؟ میں دوبارہ تکبیر کہتا ہوں اس کے بعد میں فاتحہ پڑھتا ہوں تو بھول جاتا ہوں اورنئے سرے سے دوبارہ پڑھتا ہوں۔ خاص جب میں امام کے ساتھ ہوتا ہوں تو یہ صورت پیش آتی ہے۔

کیا اندریں صورت حال میری نماز صحیح ہے؟ میں سہو سے بچنے کے لے کیا کروں؟ مجھے مستفید فرمایئے۔ اللہ آپ کو اجر عطا فرمائے۔

عبداللہ۔ م

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو صورت حال آپ نے بیان کی ہے آپ کی نماز درست ہے لیکن آپ کو وساوس سے بچنا چاہے اور یہ صورت یہو گا کہ آپ سمجھیں کہ آپ اللہ کے سامنے کھڑے ہیں اور جب آپ نماز میں شامل ہوں تو اللہ کی عظمت کو پیش نظر رکھیں اوراپنے دل کو اس پر مطمئن کریں۔ ساتھ ہی شیطان مرودد سے اللہ کی پناہ مانگیں۔ اس طرح انشاء اللہ شیطانی وساوس دور ہوجائیں گے۔ شیطان خاک آلودہ ہوگا اور آپ کا پروردگار راضی ہوگا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ